الاسمہ المعروف

تشریح القرآن

عکسی قرآن مجید

کے معانی کی عام فہم ترجمانی

از

حضرت مولانا عبدالکریم پاریکھ صاحب مدظلہ

فرید بک ڈپو
مٹیا محل دہلی
۱۱۰۰۰۶

حضرت مولانا عبد الکریم پاریکھ صاحب مدظلہم العالی

کی تالیف

تشریحُ القُرآن

قرآن مجید کے معانی کی عام فہم ترجمانی اور اُردُو زبان کی سب سے آسان معانی والی تفسیر کے متعلق ممتاز مایہ ناز علماء حقانی وربانی کے بیش بہا تاثرات وقیمتی تحسینی کلمات میں سے چند مختصر اقتباسات

مفکرِ اسلام، مرشدِ محترم حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ سابق ناظم دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ

کے تاثراتی مکتوبِ گرامی کی تلخیص

محبِ گرامی منزلت وداعی مقبول وباتوفیق ترجمان القرآن مولانا عبد الکریم پاریکھ صاحب زادہ اللہ توفیقاً وقولاً

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔

آپ کے ترجمہ میں درحقیقت اسی ترجمانی، اور لفظ کی جگہ لفظ رکھوانے کے بجائے تفہیم وتاثر کا بہت جگہ لحاظ رکھا گیا ہے۔ اور وہ کم سے کم دعوت وتفہیم قرآن کے میدان میں ضروری ہے۔ اس لئے جن فضلاء اور حقیقت پسندوں نے آپ کو ترجمہ کے بجائے ترجمانی کا لفظ اس کے تعارف میں استعمال کرنے کا مشورہ دیا ہے وہ عالمانہ بھی ہے اور مخلصانہ بھی۔ اس کے باوجود (جہاں تک اس قاصر کی نظر پڑی) کہیں ترجمہ میں (جتنا حصہ سامنے آیا) تحریف وانحراف اور زیغ وضلال کا کوئی شائبہ اس عاجز نے نہیں پایا۔ اس لئے اس ترجمہ کو تائیدِ الٰہی اور خلوص وجذبۂ دعوت کی بناء پر مفید اور قابلِ اشاعت پایا۔ اللہ تعالیٰ قبولیت سے نوازے۔ اور زیادہ سے زیادہ اس سے نفع پہنچائے۔

۱۷ صفر المظفر ۱۴۱۵ھ مطابق ۲۷ جولائی ۱۹۹۴ء

۲- مفسرِ قرآن حضرت مولانا اخلاق حسین قاسمی صاحب، ادارہ رحمتِ عالم گڑھ شیخ چاند لال کنواں دہلی

اپنے ملفوظاتِ عالیہ میں ارشاد فرماتے ہیں کہ:

پیشِ نظر "تشریح القرآن" قرآن کریم کی عام فہم ترجمانی ہے۔

مولانا عبدالکریم پاریکھ صاحب ناگپور کے ایک عوامی مبلغ اور داعی ہیں۔ اور موصوف نے شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کی تحریک جہاد بالقرآن کے مطابق اپنی دعوت کی بنیاد قرآن کریم پر رکھی ہے۔ اس وجہ سے موصوف کو اپنی دعوتی زبان کے اسلوب میں قرآن کریم کی ترجمانی کی ضرورت پیش آئی۔ اور پیشِ نظر ترجمانی وجود میں آئی۔

مولانا کے حکم پر اس خاکسار نے نظرِ ثانی کا فرض ادا کیا۔ اب اس ترجمانی میں انشاءاللہ قارئین کو کوئی الجھن پیش نہیں آئے گی۔

۱۲ر اکتوبر ۱۹۹۱ء

عربی، اُردو، انگریزی کے مشہور مؤلف اور عربی تفسیر "ترجماتُ معانی القرآنِ وتطوّرُ فهمِهِ عند العرب" کے عظیم مصنف اور ایشیا کے مشہور عالم ربانی حضرت مولانا عبداللہ عباس صاحب ندوی مدظلہ معتمد تعلیمات دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ، پروفیسر جامعة الملك عبدالعزيز مكة المكرمه

کے تائیدی و تحسینی گرانقدر مقدمہ کے چند الفاظ

اللہ تعالیٰ کے جن توفیق یافتہ بندوں نے اپنی عمر گراں مایہ کو قرآن پاک کی خدمت میں صرف کیا ہے ان میں سے ایک ہمارے معاصر بزرگ داعی الی اللہ مولانا عبدالکریم پاریکھ بھی ہیں۔ عرصہ دراز سے قرآن پاک کی تلاوت، مطالعہ اور ترجموں سے استفادہ اور اس کے معانی پر غور و خوض ان کا مشغلہ حیات ہے۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے وہ قرآن کے حافظ نہیں ہیں مگر ان سے اچھا حافظ قرآن مشکل سے ملے گا۔

موقع و محل اور مناسبت سے اپنی تقریروں میں قرآن پاک سے اس طرح استدلال کرتے ہیں کہ معلوم ہوتا ہے کہ ان کی پوری تقریر قرآن پاک کی تفسیر ہے یہ قرآن پاک سے شغف اور کثرتِ تلاوت و تدبر کی علامت ہے۔

مولانا پاریکھ نے برسہا برس کی عرق ریزی سے ایک تفسیری ترجمہ مرتب فرمایا۔ جو مسلم و غیر مسلم دونوں کے لئے رہنمائے ہدایت بن سکے۔ ان کے سامنے جو طبقہ ہے اس کی زبان اور محاورے میں جس سے قرآن کریم کے مفہوم تک وہ رسائی حاصل کر سکے۔ مولانا نے قرآن پاک کی ترجمانی کی ہے اور بزرگانِ سلف کے طرزِ تفہیم سے تجاوز نہیں کیا ہے اور نہ کمی کی ہے۔

داعی الی اللہ مولانا عبدالکریم پاریکھ کے تفسیری ترجمے کو دیکھتے ہیں تو مجھے نظر آتا ہے کہ انہوں نے علماءِ سلف کی مکمل اتباع کی ہے۔ وقت اور ماحول اور مخاطبین کی ذہنیت اور ان کی بولی کو سامنے

رکھ کر تفسیری ترجمہ مرتب فرمایا ہے۔

یوں انسان معصوم نہیں ہے خطا و نسیان کا پتلا ہے مگر دیدہ و دانستہ کوئی بات قرآن کی طرف منسوب نہیں کی ہے۔ اور اپنے مخاطب قاری کی ذہنیت کو اچھی طرح سمجھ کر قرآن کریم کے مفہوم کو ڈھالنے کی نایاب کوشش کی ہے۔

ترجمہ رواں شستہ اور زبان و بیان کے لحاظ سے اس درجہ سلیس ہے کہ اگر کوئی صرف ترجمہ پڑھتا جائے تو اس کو قرآنِ پاک کی آیات کا مفہوم معلوم ہو جائے گا۔ میں نے اس کو جا بجا سے اور مستقلاً ان کا ترجمہ دوسرے ترجموں سے مقابلہ کر کے دیکھا تو مجھے کوئی قابلِ اعتراض بات نظر نہیں آئی بلکہ انھوں نے اس کی سلاست اور محاوروں کی ایسی رعایت رکھی کہ قرآنی مفہوم میں کوئی خلل نہ پڑے۔

ان کے ترجمے سے انشاء اللہ اُمّت کے بڑے گروہ کو فائدہ پہنچے گا اور خود مولانا عبدالکریم پاریکھ کو بھی آخرت کے لئے مقدس زادِ راہ فراہم ہو گئی ہے۔

اور امید ہے کہ وہ بزرگوں کے ہم زبان ہو کر کہہ سکیں گے

روز قیامت ہر کسے با خویش دارد نامہ من نیز حاضر می شوم تفسیر قرآں در بغل

میدان محشر میں ہر کوئی اپنے ساتھ نامۂ اعمال لئے ہوئے ہے میں بھی اپنے ساتھ قرآن کی تفسیر لے کر حاضر ہوں

اللہ تعالیٰ ان کی آرزوؤں کے مطابق انھیں انعامات سے نوازے اور تفسیری ترجمہ کو قبولِ عام بخشے۔

عبد اللہ عباس ندوی
مکہ مکرمہ

شب ۲۲ رمضان المبارک ۱۴۱۵ھ

۳۔ حضرت مولانا صوفی ظہیر احمد قاسمی مدظلہ العالی

مکتبہ جہانگیریہ چیتا کیمپ بمبئی ۸۸

اپنے پر خلوص آغازِ کلام میں اس طرح رقم طراز ہیں کہ

بارگاہِ لم یزل میں ہم سجدۂ شکر ادا کرتے ہیں کہ بتوفیق ایزدی حضرت علامہ مولانا عبدالکریم پاریکھ صاحب (اس ترجمۂ قرآن کے) مرحلے سے نہایت کامیابی کے ساتھ گذر گئے۔ ملّتِ اسلامیہ خصوصاً اُردو والوں کی طرف سے حضرت علامہ خراجِ تحسین کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ موصوف کو حسناتِ دارین سے نوازے۔

علامہ موصوف نے الفاظ کی معنویت اور مطالب کی مفہومیت کو نہایت آسان اور عام فہم

زبان میں اس طرح بیان کیا ہے کہ کسی بھی مقام پر ذہنی الجھاؤ نہیں ہوتا۔ بلکہ بعض آیات کی ترجمانی میں لطافت، بیان کی گہرائی اور گیرائی اس انداز کی ہے کہ اس مقام پر علامہ موصوف منفرد اور درِ یکتا نظر آتے ہیں۔

ملاحظہ فرمائیے اور فیصلہ کیجئے کہ کلماتِ قرآن کے مفہوم و معانی کو باریک بینی اور سادگی کے ساتھ بیان کرنے میں خوبصورت الفاظ کو برمحل استعمال کرنے کی وجہ سے قرآن کی یہ ترجمانی حقوق ترجمہ کی ادائیگی کے ساتھ لذتِ تفسیر سے بھی آشنا کرتی ہوئی نظر آتی ہے مثلاً :

وَمَا كَانَ عَطَاءُ رَبِّكَ مَحْظُورًا ﴿٢٠﴾ (۱۷۔ سورۂ بنی اسرائیل آیت ۲۰ پارہ ۱۵)

سیدھا سادہ لفظی ترجمہ یہ ہے کہ "تمہارے رب کی عطا کسی کے لئے بند نہیں" (جیسا کہ دیگر مترجم حضرات نے کیا ہے) لیکن پاریکھ صاحب ترجمہ اور ترجمانی کی روح کو الفاظ کے پیکر میں اس طرح سمونے کی کوشش کرتے ہوئے کہ "آپ کے رب کی عطا اور بخشش پر کوئی روک نہیں لگا سکتا" قرآن پاک کے اندازِ بیان اور احکم الحاکمین کی قوتِ فیصلہ اُردو پڑھنے والے حضرات کے ذہن کے قریب کس قدر خوبصورتی سے کر دیا ہے۔

رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا فِي نُفُوسِكُمْ (۱۷۔ سورۂ بنی اسرائیل، آیت ۲۵ پارہ ۱۵)

اس آیت کی ترجمانی پر غور فرمائیں۔ "تم کیسے ہو، کیا ہو، تمہارے جی میں کیا ہے، تمہارا رب خوب خوب جانتا ہے"

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهِ ۖ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَا أَن رَّأَىٰ بُرْهَانَ رَبِّهِ ۚ (۱۲۔ سورۂ یوسف آیت ۲۴ پارہ ۱۲)

"اس عورت نے یوسفؑ کے ساتھ پختہ ارادہ کر لیا تھا، اور یوسفؑ نے اگر اپنے رب کی دلیل اور حجت کو نہ دیکھا ہوتا تو ان کا بھی ارادہ ہو جاتا۔"

موصوف نے قرآنی مفہوم اور عصمتِ انبیاء۔ دونوں باتوں کو کس قدر عمدہ انداز میں بیان کیا ہے۔ علامہ موصوف کے تمام ترجمۂ قرآن میں یہی اوصاف دائر و سائر ہیں۔ اس کے باوجود اسلاف کی روش سے کہیں بھی انحراف نہیں کیا۔ افراط و تفریط سے دامن بچاتے ہوئے ہر قدم پر مقصدِ قرآن فہمی کی سہولت پیشِ نظر ہے۔

حضرت مولانا عبدالکریم پاریکھ صاحب نے ترجمۂ قرآن کو مفید سے مفید تر۔ آسان اور عام فہم بنانے کے لئے اپنی اس کاوش میں مکمل طور پر خلوص نیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک کے مقتدر اور معتبر علماء کرام کو نظر ثانی کی دعوت دی۔ جس میں حضرت مولانا مفتی ظفیر الدین صاحب، مفتی دارالعلوم دیوبند، مفسرِ قرآن حضرت مولانا اخلاق حسین قاسمی" ادارہ رحمتِ عالم، شیخ چاند لال کنواں دہلی، حضرت مولانا حافظ ہارون رشید صاحب صدیقی، استاد دارالعلوم

ندوۃ العلماء لکھنؤ، حضرت مولانا سید محمد واضح رشید صاحب ندوی، استاذ التفسیر ندوۃ العلماء لکھنؤ۔ اور حضرت مولانا ابو السعود صاحب امیرِ شریعت کرناٹک و مہتمم دارالعلوم سبیل الرشاد بنگلور کے ساتھ ساتھ اس بے مایہ کو بھی یہ عظیم ترین ذمہ داری سپرد فرمائی۔

۲۳ر مارچ ۱۹۹۳ء مطابق ۲۸ر رمضان ۱۴۱۳ھ

۴۔ عالم ربانی حضرت مولانا مفتی ظفیر الدین صاحب مفتاحی

مفتی دارالعلوم دیوبند

اپنے مبارک پیش نامے میں مندرجہ ذیل ارشادات تحریر فرماتے ہیں کہ:

اخیر میں مولانا عبد الکریم پاریکھ صاحب ناگپور نے ترجمۂ قرآن کیا۔ جن کو قرآن پاک سے خاص مناسبت ہے اور جن کا مشن ہی قرآن پاک کی تعلیم و تدریس اور اس کی اشاعت ہے۔ اور مسلمانوں کو قرآن پاک اور اس کے معنیٰ و مطلب سے قریب کرنا ہے جس کی وصیت حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے اپنے مقدمہ "فتح الرحمٰن" میں فرمائی تھی کہ "ہر عاقل بچہ کو قرآن پاک کا ترجمہ ضرور پڑھایا جائے" مولانا عبد الکریم پاریکھ صاحبؒ نے اس اخیر زمانہ میں عام فہم ترجمہ یا ترجمانی کی ضرورت شدت سے محسوس کی تاکہ ہر معمولی پڑھا لکھا اور جدید تعلیم یافتہ آسانی کے ساتھ قرآن کے مفہوم کو اس کے ترجمے سمجھ سکے۔ اور اللہ کے کلام سے اسے سچی مناسبت پیدا ہو جائے انھوں نے ان تمام ترجموں کو جن کا ذکر اوپر آیا سامنے رکھ کر اپنا ترجمہ بڑے غور و فکر کے ساتھ لکھنا شروع کیا۔ اور کئی سال میں قرآن کا ترجمہ مکمل ہو گیا۔

کوئی شبہ نہیں کہ مولانا پاریکھ صاحب کا ترجمۂ قرآن چونکہ سات آٹھ مستند ترجموں کو سامنے رکھ کر کیا گیا ہے۔ اس لئے ترجمانی میں کوئی جھول نہیں ہے۔ زبان صاف ستھری سلیس اور بامحاورہ ہے۔ قرآن کا مفہوم بھی پورے طور پر ترجمہ سے عیاں ہے

- اور کوئی شبہ نہیں کہ موصوف کے ترجمہ میں قرآن پاک کے مفہوم کی ترجمانی بہت سلیس اور شگفتہ انداز میں آگئی ہے۔ (اقتباس از عنایت نامہ ۲ر جمادی الآخر ۱۴۱۴ھ)
- میری دعا ہے کہ قرآن مع ترجمہ جلد شائع ہو کر سامنے آجائے۔ یہ رب العالمین کی عنایت بے نہایت ہے کہ آپ سے اس نے یہ عظیم خدمت لی۔ ماشاء اللہ قرآن پاک پر آپ کی بہت گہری اور وسیع نگاہ ہے۔ اس خدمتِ گرامی کا جس قدر شکریہ ادا کیا جائے کم ہے۔ (اقتباس از گرامی نامہ ۲۸ر شعبان ۱۴۱۵ھ)
- اللہ تعالیٰ کا نام لے کر اس ترجمہ کو چھپوا دیں۔ انشاء اللہ مقبولِ خاص و عام ہوگا۔ اور آپ کے لئے اجرِ عظیم کا باعث ہوگا۔ اللہ تعالیٰ آپ کی یہ گراں قدر خدمت قبول فرمائے اور آپ کے حق میں صدقۂ جاریہ بنادے۔ (اقتباس از اعزاز نامہ ۶ر شعبان ۱۴۱۵ھ)

۵- حضرت مولانا حافظ **ہارون رشید** صاحب صدیقی ایم۔اے

حدیث وتفسیر ریاض یونیورسٹی۔ ناظر المعہد المتوسط دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ

اپنی مفید آراء گرامی میں ارشاد فرماتے ہیں کہ

اس میں شک نہیں کہ محترم **پاریکھ** صاحب اپنے مقصد میں بہت حد تک کامیاب ہیں۔ موصوف نے عوام کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے کی غرض سے سہل سے سہل الفاظ لانے کا بڑا اہتمام کیا۔ مجھے اُمید ہے کہ مولانا کا یہ ترجمہ جس طرح دینداروں میں مقبول ہے عند اللہ بھی مقبول ہوگا۔ (۵ رجب [illegible]

۶- عالم ربانی وصاحب قلم حضرت مولانا **محمد رابع حسنی** صاحب ندوی

استاذ التفسیر ومہتمم دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ

اپنے گرانقدر تحسینی کلمات میں ارشاد فرماتے ہیں کہ

محترم مولانا **عبد الکریم پاریکھ** صاحب علم کی خدمت سے زیادہ دعوت واصلاح کی فکر رکھتے ہیں۔ اور اس پہلو کو انھوں نے ترجمۂ قرآن مجید کی خدمت میں زیادہ ملحوظ رکھا ہے۔ یہ قیمتی بات ہے۔ اور اس کے لئے محترم مولانا **عبد الکریم پاریکھ** صاحب مبارک باد اور قدردانی کے پورے پورے مستحق ہیں۔ میں اپنی خوشی اور جذبۂ قدردانی پیش کرتا ہوں۔ اور قرآن مجید کی خدمت اور اس کے مطالب کی اشاعت کو ان کی عظیم دینی خدمت سمجھتا ہوں۔ محترم **پاریکھ** صاحب نے کوشش کی ہے کہ مستند علماء دین نے جو ترجمے کئے ہیں وہ ان کے دائرے میں رہتے ہوئے ترجمہ کریں۔ اور اندازہ وہ اختیار کریں جس سے بات کا سمجھنا آسان ہو۔

۷- فقیہ عصر حضرت مولانا قاضی **مجاہد الاسلام** صاحب

چیف قاضی مرکزی امارت شرعیہ بہار و اُڑیسہ پھلواری شریف پٹنہ

اپنے دُرِّ نایاب وبیش بہا ارشادات میں تحریر فرماتے ہیں کہ

مولانا **عبد الکریم پاریکھ** صاحب نے قرآن کریم کی حکیمانہ تشریح کے ذریعہ لوگوں کے دلوں سے شکوک وشبہات کے کانٹے نکالے ہیں۔

مولانا موصوف کا ترجمہ قرآنی مفاہیم کی ایسی تشریح ہے جو ہر عام آدمی کی سمجھ میں آجائے۔

(۵ مارچ ۱۹۸۹ء)

۸- عالم حقانی حضرت مولانا فضل الرحمٰن قاسمی
استاذ حدیث دارالعلوم سبیل السّلام حیدرآباد
کے گرانقدر افتتاحیہ کلمات کے چند مفید جملے

(مولانا پاریکھ صاحب کے ترجمۂ قرآن میں) اندازِ تشریح بڑا دلنشیں، روح افزا ہے۔ اس کی راہ میں حائل ہونے والے ہر خس وخاشاک کو خداوند کریم دور فرماکر اس مقدس و معظم ترجمہ کے فیض وبرکات کو عام وتام کردے۔

(۱۸؍مئی ۱۹۸۹ء)

۹- حضرت علامہ مولانا ابوالسعود احمد صاحب
بانی وناظم اعلیٰ سبیل الرّشاد بنگلور۔ امیر شریعت کرناٹک
کے عنایت نامہ کی چند اہم تحریرات:

حضرت مولانا عبدالکریم پاریکھ صاحب صدر مجلس تعلیم القرآن ناگپور کا ترجمۂ قرآن میں نے جستہ جستہ دیکھا۔ یہ آیاتِ قرآنیہ کی سلیس ترجمانی اور آسان خلاصہ ہے۔ قرآنی مطالب کو سمجھنے کے لئے عامۃ المسلمین اس سے استفادہ کرسکتے ہیں۔

(۱۳؍رمضان المبارک ۱۴۰۹ھ مطابق ۲۰؍اپریل ۱۹۸۹ء)

۱۰- جیدعالم ربانی حضرت مولانا عبدالاحد ازہری صاحب
قاضیٔ شریعت مالیگاؤں
اپنے بیش بہا اور مبنی علی الحقائق دیباچہ میں ارشاد فرماتے ہیں کہ

اب تک جتنے بھی تراجم قرآن پاک ہوئے ہیں وہ سب عوام کی سطح سے بہت ہی بلند ہیں ظاہر بات ہے کہ بازار کے رہنے والے تاجر، کارخانے کے مزدور، عام حمال اور قلی، حجام اور دھوبی، مستری اور سنار، گلی کوچوں میں رہنے والی کم پڑھی لکھی پردہ نشین خواتین، اور کالجوں یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم، عربی زبان سے نابلد لڑکے اور لڑکیاں ان تراجم سے کماحقہٗ مستفید نہیں ہوسکتے جو علم کی اعلیٰ بلندیوں پر ہیں۔ ضرورت اس بات کی شدت سے محسوس کی جارہی تھی کہ قرآن کا کوئی ایسا ترجمہ سامنے آئے یا لایا جائے جس میں عوامی سطح کو مدنظر رکھتے ہوئے قرآن کی ترجمانی کا حق اس طرح ادا کردیا جائے کہ کہیں کسی بھی طرح اکابر علماء حق کی شاہراہ سے ذرہ برابر بھی انحراف نہ ہو۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس کوشش میں مولانا پاریکھ صاحب صد فی صد کامیاب ہیں۔

(۱۱؍دسمبر ۱۹۹۴ء مطابق ۸؍رجب المرجب ۱۴۱۵ھ)

۱۱- باوقار عالم دین مولانا سید مصطفیٰ رفاعی جیلانی ندوی
سجادہ نشین خانوادۂ قادریہ رفاعیہ بنگلور کے
ارشاداتِ عالیہ کے چند اقتباسات

(حضرت مولانا عبد الکریم پاریکھ صاحب) کے ترجمہ میں لفظاً و معناً کوئی جدت پسندی کا شائبہ نہیں جو کچھ لکھا گیا وہ قدما اور سلف صالحین کے تراجم سے مستفاد ہے۔ ملک کے محتاط اور بابصیرت علماء کرام اور اہلِ نظر مشائخ نے اس کی تصویب فرمائی ہے۔

اسلوب اور اندازِ تحریر ایسا شائستہ اور آسان تر اور سہل ہے کہ تعلیم یافتہ و کم تعلیم یافتہ دونوں طبقات ترجمہ سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ توضیحی و تفسیری نوٹس اتنی معلومات افزا ہیں کہ وہ خود ایک معلوماتی خزانہ ہیں۔

(یکم ستمبر ۱۹۹۴ء)

۱۲- مشہور عالم ربانی مفتی احمد علی سعید صاحب دیوبند کے
قیمتی و اہم مقدمے کی تلخیص کے چند الفاظ ملاحظہ ہوں

میں نے آپ کے بھیجے ہوئے فرمہ کا بغور مطالعہ کیا آپ نے تفسیر بالرائے نہیں کی۔ اس فرمہ کو پڑھ کر میں نے تو یہی سمجھا کہ آپ نے زبان کو نکھار دیا اور ترجمہ کو عام فہم بنا دیا۔

۱۳- زاہد و متقی حضرت مولانا قاری محمد قاسم صاحب
خطیب و امام جامع مسجد پریامیٹ مدراس کا دلنشیں وپُروقار تعارفی خلاصہ

برسوں کی عرق ریزی کے بعد آپ نے فہم قرآن کو آسان اور عام کر دیا۔ یہ دنیائے انسانیت پر آنجناب کا گراں قدر احسان ہے۔ آپ کے آسان ترجمۂ قرآن کا نسخہ ہر گھر میں ہونا ضروری ہے۔ اس عظیم کارنامہ پر میں آپ کی خدمت میں مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

نوٹ: اس کے علاوہ اور بھی متعدد علماء کرام اور اعلیٰ سطح کے مفتیانِ شرعِ متین کی آراء، مقدمات، تبصرے اور فتاوٰی الحمدللہ موصول ہو چکے ہیں۔ لیکن قرآن مجید کی اس جلد کے ساتھ اگر ان سب کو شائع کیا گیا تو مزید کئی صفحات کا اضافہ کرنا ہوگا۔ اس لئے بزرگانِ دین نے مشورہ دیا کہ ایک کتابچہ کی شکل میں تمام علماء ربانی کے تبصرے، آراء و فتاوٰی یکجا طور پر الگ سے جمع کر کے شائع کئے جائیں۔ اللہ کے مقبول بندوں کے حکم پر عمل کرتے ہوئے "تشریح القرآن پر علماء ربانی کی تحقیقی نظر" نامی ایک بک لیٹ الگ سے شائع کر دی گئی ہے۔

جنھیں مزید تفصیلات مطلوب ہوں وہ "تشریح القرآن پر علماء ربانی کی تحقیقی نظر" نامی کتاب کو ملاحظہ فرمالیں۔

ایک مخلصانہ اپیل

تشریح القرآن کی اس تصیح پر الحمدللہ علماء کرام نے اچھا خاصہ وقت صرف کیا ہے۔ اور مفصل مقدموں کے ساتھ اپنی آراء و مشوروں سے بھی نوازا ہے جن کی تلخیص ان صفحات میں ابھی ابھی آپ پڑھ چکے ہیں۔ ان علماء کرام کے احکامات و مشوروں کی تعمیل کے بعد کتابت کے مرحلے سے گذرتے ہی تقریباً ۱۸،۲۰ افراد نے نہایت غور و انہماک سے حرف بحرف پڑھ کر تصیح کی ہے۔ پھر بھی ہم بندے بشر ہیں۔ چاہے کتنی بھی گہری نظر ڈالی گئی ہو خطا کا امکان رہتا ہے۔ لہٰذا قارئین سے عاجزانہ گذارش ہے کہ اگر خدا نہ کرے کوئی زبر، زیر، پیش یا کوئی نقطہ نگاہ سے چھوٹ گیا ہو، یا طباعت کے وقت کیمرے کے عکس کی پکڑ میں نہ آسکا ہو تو ہمیں اطلاع کریں۔ فوراً انشاءاللہ اس کی تصیح کر لی جائے گی۔ اس کے لئے اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

خادم العلماء: **ناصر خاں**

میجنگ ڈائریکٹر

فرید بک ڈپو (پرائیویٹ) لمیٹڈ

الحاج عبد الکریم پاریکھ
Abdul Karim Parekh

Five Brigade Road, Lakadganj
NAGPUR - 440 008
Phones : Office : 48036, 42799, 41319, 42836
FAX NO-0712-42539
Res. : 42307, 42836

Dated [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت المکرم مفتی صاحب دامت برکاتہم شریعت دار القضاء امارت شرعیہ [illegible]

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

[illegible] ترجمہ قرآن مجید [illegible] مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی دہلوی کے مشورہ کے مطابق [illegible] قرآن مجید کے معانی کی عام فہم ترجمانی [illegible] علماء کرام کی اصلاح [illegible] کے مطابق [illegible] شریعت مطہرہ کے مطابق ہو تو اسے شائع کرنے کا شرعی [illegible] ہوں۔ [illegible]

حسبکم الکریم [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اب الحمد للہ مستحق تحسین ہیں کہ آپ نے قرآن مجید کے معانی کی عام فہم ترجمانی کا فریضہ انجام دیا ہے، جو ہر دور کے علماء ربانی کا محبوب مشغلہ رہا ہے۔ آپ کی اس گرانقدر کاوش نے اس سلسلہ کو باقی رکھا ہے۔ آپکے ترجمہ قرآن مجید کو پڑھکر اور دیکھکر مشہور مفسر قرآن اور تراجم و تفاسیر کے ایک مستند اسکالر حضرت مولانا اخلاق حسین صاحب قاسمی دہلوی نے "تشریح القرآن" (قرآن مجید کے معانی کی عام فہم ترجمانی) کا نام دیا ہے۔ اور پھر مستند علماء کرام کی آراء اور ان کے مشوروں کے مطابق اسکی تصحیح اصلاح و تصحیح کا نازک کام بھی مکمل ہو چکا ہے۔

جبکہ آپکا یہ ترجمہ اصلاح و تصحیح اور احتیاط کے انتہائی مراحل سے گذر چکا ہے تو اب اس کے مستند اور معتمد ہونے میں کسی قسم کا کوئی شبہ باقی نہیں رہا، اس لئے اب اسکی طباعت و اشاعت میں بھی کسی قسم کی کوئی شرعی قباحت باقی نہیں رہی، اسکو پہلی فرصت میں شائع پذیر ہوکر جلد عام یا خدا یا مخصوص مسلمانوں کے ہاتھوں میں پہنچ جانا چاہئے، تاکہ قرآن کا فطری پیغام عام ہو۔ اور عربی دانوں کے علاوہ کم پڑھے لکھے اردو داں بھی اس سے خاطر خواہ فائدہ اٹھائیں۔ اور اپنی حیاتِ انسانی کے تاریک گوشوں کو قرآن کی تعلیم و ہدایت کے نور سے منور اور روشن کریں۔ فقط

عبد الالہ ندوی

[illegible]

۱۲ رجب ۱۴۱۵ھ

Ref. Date 28/12/96

[illegible]

۹۰۶

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب

[illegible]

الجواب صحیح

الجواب صحیح

الجواب صحیح

[illegible]

تشریح القرآن

پنج پارہ

پارہ نمبر ۱ تا پارہ نمبر ۵

Para 1 To Para 5

URDU, ENGLISH & HINDI TRANSLATION OF QURAN-MAJID

With Original Arabic Text

By: Maulana Abdul Karim Parekh Saheb

NAGPUR-8 (M.S.) INDIA

उर्दू, अंग्रेजी और हिंदी भाषा में पवित्र कुरआन का अनुवाद मूल अरबी के साथ

मौलाना अब्दुल करीम पारेख साहब

नागपूर-8

اُردو، انگریزی اور ہندی ترجمہ قرآن مجید اصل متن کے ساتھ

از: مفسرِ قرآن حضرت مولانا عبد الکریم پاریکھ صاحب مدظلہٗ

ناگپور-۸

مقدمہ تشریح القرآن

جس میں قرآن اور صاحبِ قرآن
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم، روح الامین
حضرت جبریلؑ اور کتابتِ قرآن مجید،
مصحفِ عثمانی، میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم
اور آسمانی کتابوں کے نزول کا مفصّل
بیان ہے۔

مفسرِ قرآن حضرت مولانا عبدالکریم پاریکھ صاحب، ناگپور ۸

URDU TRANSLATION OF HOLY QURAN
By: MAULANA ABDUL KARIM PAREKH SAHEB
NAGPUR - 8 (M.S.) INDIA

اظہارِ تشکر

سب سے پہلے تو ہم اللہ ربُّ العزت کی بارگاہ میں شکر بجالائیں جس نے محض اپنی عنایتِ بے پایاں اور رحمتِ بے کراں سے یہ مترجم قرآن مجید انسانوں کی ہدایت کے لیے پیش کرنے کی سعادت عطا فرمائی۔

این سعادت بزورِ بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

برصغیر میں مسلمانوں کی آبادی کے ابتدائی عہد سے عصرِ حاضر تک کوئی زمانہ ایسا نہیں گزرا جس میں خدمتِ دین اور تعلیماتِ قرآن وحدیث کے لیے متواتر جد وجہد نہ کی گئی ہو مگر خدمتِ دین و شریعت اور تعلیماتِ قرآن کی یہ روایت کسی ایک فرد کی خصوصیت کسی ایک طبقہ کا امتیاز اور کسی ایک علاقہ کی پہچان نہیں رہی، بلکہ ہر زمانہ میں کبھی کسی عالم کو اس سعادت کے لیے منتخب کیا گیا کبھی کسی خادمِ دین کو یہ عزت بخش دی گئی۔ انھیں منتخب ہستیوں میں دورِ حاضر کے مشہور مبلغ اور مفسرِ قرآن حضرت مولانا عبدالکریم پاریکھ صاحب کی ذاتِ گرامی ہے۔ موصوف اپنی شبانہ روز جہدِ مسلسل اور پیہم کوششوں کے ذریعہ ترجمہ و تفسیر کے میدان میں سرگرمِ عمل ہیں اور محض رضائے الٰہی کی خاطر قرآن مجید کے ترجمہ کو عام فہم اور قابلِ نفع بنانے کی غرض سے اس پر تحقیقی کام کر رہے ہیں۔ موصوف نے پینتالیس سال کے طویل عرصہ کی جانفشانی اور عرق ریزی کے بعد نہایت سادہ، مگر سلیس مختصر مگر جامع اردو زبان میں **قرآن مجید** کا ترجمہ ۱۹۸۶ء میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کی جو اب تک متعدد بار منظرِ عام پر آچکا ہے۔ اس نسخہ کو مزید عام فہم اور آسان بنانے کی غرض سے آپ نے مطبوعہ قرآن مجید کو اصلاح اور مفید مشورہ کی خاطر عالمِ اسلام کے مستند مشہور و معروف علمائے کرام اور مفتیانِ عظام کے پاس مطالعہ کے لیے پیش کیا۔ تفسیر کے ان مایہ ناز اساتذہ نے نہایت غور وفکر اور انہماک سے مطالعہ کے بعد حسبِ ضرورت اصلاح کی اور تفسیری نوٹ بھی لکھے۔ علماء کی بیش قیمت آراء گرامی کو یکجا کر کے موصوف نے مشہور مفسرِ قرآن حضرت مولانا اخلاق حسین قاسمی مدظلہ کے مشورہ سے اس ترجمہ قرآن کو "تشریح القرآن" کا نام دیا۔ لہٰذا تیرہ سطری اردو ترجمہ والا یہ مصحف جلی اور نئی کتابت کے ساتھ ہم پیش کر رہے ہیں جو الحمد للہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

یوں تو اردو زبان میں ایک سے ایک اعلیٰ معیاری سطح کے ترجمے شائع ہوئے ان کی اہمیت اور افادیت سے کوئی انکار بھی نہیں کر سکتا لیکن یہ حقیقت کسی وضاحت کی محتاج نہیں کہ اردو زبان کی عوامی سطح پر زباں دانی میں آزادیٔ ہند کے بعد بتدریج کچھ اُتار آیا جس کی وجہ سے پہلے یہ تراجم مفید اور مؤثر ہونے کے باوجود اتنی اعلیٰ سطح کے ہو گئے کہ عوام وخواص اور کم پڑھے لکھے لوگوں کیلئے ان کا سمجھنا محال نہیں تو مشکل ضرور ہو گیا، اس لیے ایک ایسے سادہ ترجمے وتفسیر کی ضرورت تھی جو اس خلا کو پُر کر سکے، موصوف نے عوام کے ہر طبقہ کو سامنے رکھ کر یہ ترجمہ کیا ہے زبان میں اتنی سادگی ہے کہ سمجھنے میں دِقت نہ ہو، بیان اتنا صاف کہ پڑھنے میں لطف آئے۔

آخر میں ہم اللہ تبارک وتعالیٰ کی بارگاہ میں دُعاگو ہیں کہ وہ ہماری خالص نیت اور حضرت مولانا کی پیہم جدوجہد اور بے پناہ کوششوں کو قبول فرماتے ہوئے ہماری کوتاہیوں کو نظر انداز فرمائے اور موصوف کی اس خدمت کو دنیا کیلئے رحمت اور قابلِ نفع بنائے اور آخرت میں اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ آمین

الحاج محمد ناصر خان
فرید بک ڈپو۔ دہلی

Farid Book Depot (P) Ltd.
422, Matia Mahal, Jama Masjid, Delhi-6
Tel. : 3265406, 3289786 Fax. 3279998

قرآن اور صاحبِ قرآن

قرآن مجید کلام اللہ ہے۔ اللہ ربّ العزت کی بے شمار صفات میں سے ایک صفت یہ بھی ہے کہ ان کا کلام غیر فانی ہے، اس لیے قرآن مجید بھی غیر فانی اور ابدی ہے۔ پہلے سے طے شدہ پروگرام کے مطابق صاحبِ قرآن حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک جب چالیس برس کو پہنچی تو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کا نزول رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم پر شروع فرمایا اور اللہ تعالیٰ نے اپنے اس کلام کو جو "لوحِ محفوظ" میں موجود تھا، حروف اور الفاظ کا جامہ پہنا کر آیتوں اور سورتوں کی شکل میں بندوں کی ہدایت اور رہبری کے لیے نازل فرمایا اس کے پہلے بھی اللہ ربّ العزت نے ہر زمانہ میں اپنے پیغمبروں کو جب جب مبعوث فرمایا تو ان میں سے اُولوالعزم رسولوں پر اپنا کلام نازل فرمایا جس میں صحیفہ ابراہیم، تورات، زبور اور انجیل مشہور ترین آسمانی ہدایت نامے ہیں لیکن زمانہ کی گردش پر جب اہلِ کتاب امتوں نے اپنا اثر ڈالنا موقوف کیا تو اللہ کی کتابیں بھلا دی گئیں جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ جعلی مذہبی چودھریوں نے اللہ کی کتابوں میں تحریف کر ڈالی جس کے سبب دینِ اسلام کئی خانوں میں بٹ کر الٹی سیدھی شکلوں میں گو اپنے وجود کے اعتبار سے باقی رہا لیکن اُس کے کئی کئی نام پڑ گئے، اور ہر فرقہ الگ الگ نام سے مشہور ہوا، اور انسانیت بے شمار مذہبی فرقوں میں بٹ گئی اور نتیجہ کے طور پر ہر فرقہ خالص توحید، فکرِ آخرت اور اعمالِ صالحہ کی نبیوں کی سُنّت والی ترتیب سے محروم ہو گیا اور شرک و بدعت، مادہ پرستی نے اہلِ کتاب امتوں پر گھیرا ڈالا تو بات ہی بگڑ گئی کہ دینِ حق مختلف مذاہب میں تقسیم ہو کر لوگوں کی نگاہوں سے اوجھل ہو گیا۔

بشارتِ عیسیٰ علیہ السلام

آہستہ آہستہ انسانیت ایک ایسے مقام پر پہنچ گئی جہاں سے وہ علم و قلم اور نگاہ و بصیرت کے ذریعہ تحقیق و تجسس کی راہ پر چلنی شروع ہوئی اور ایسا وقت آ گیا کہ انسانیت علم و فن کے پورلے پر آ گئی۔ بس یہی وہ وقت تھا جو مُبَشِّرًا بِرَسُولٍ يَّأْتِي مِنْ بَعْدِي اسْمُهٗ أَحْمَدُ. (۶۱۔ الصّف، آیت ۶۔) (اور بشارت سنانے آیا ہوں اس ایک رسول کی جو میرے بعد آنے والا ہے۔ جس کا نام احمد ہوگا) والی مسیحؑ نوید کے پورا ہونے کے لیے طے تھا اور اللہ کے خلیل حضرت ابراہیمؑ کی حسبِ ذیل دعا کے ظہور کا بھی یہی وقت تھا۔

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ (۲۔ البقرہ، آیت ۱۲۹)

"اے ہمارے رب بھیج ان میں ایک پیغام پہنچانے والا جو اُن ہی میں کا ہو پڑھ کر سنا دیوے ان پر تیری آیات، اور سکھا دے ان کو کتاب اور دانائی کی باتیں اور ان کو صاف ستھرا کر دے، اصل زبردست حکمت والا تو ہی ہے۔"

بس ٹھیک اس موقع پر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دنیا میں بھیجا گیا۔ رہتی دنیا تک کے انسانوں کی ہدایت کی ذمہ داری سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم پر ڈالی گئی، اور قرآن مجید کی شکل میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک آسمانی ہدایت نامہ عطا فرمایا گیا نزولِ قرآن کے سلسلے کی تکمیل ہونے پر خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس پر نبوت کو ختم کر کے نبوت کا دروازہ سدا سدا

کے لیے بند کر دیا گیا۔

ایک آسمانی ہدایت نامہ

اب یہی قرآن ہے جس کے ماننے والے کروڑوں کی تعداد میں موجود ہیں، جس کے حفاظ لاکھوں لاکھ ہیں اور کروڑہا کروڑ نسخے قرآن مجید کے انسانوں کے پاس جوں کے توں محفوظ ہیں، ٹھیک اسی طرح جیسا کہ یہ قرآن سید الاولین والآخرین محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا گیا تھا۔ شب قدر میں اللہ رب العزت نے اپنے کلام کو لوح محفوظ سے آسمانِ دنیا پر اتار دیا اور اپنی حکمت کے مطابق اس کلام پاک کو تھوڑا تھوڑا کر کے ۲۳ سال کی مدت میں فرشتۂ اعظم حضرت جبریل علیہ السلام کے ذریعہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے قلبِ مبارک پر مکمل طور سے نازل فرمایا۔ وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا۔ اور ہم نے اس قرآن کو تھوڑا تھوڑا کر کے نازل فرمایا تاکہ انسانوں پر ٹھہر ٹھہر کر اسے پڑھ کر سناسکو اور ہم نے اس کو آہستہ آہستہ اتارا ہے۔ ۱۷۔ بنی اسرائیل، آیت ۱۰۶۔

قرآن مجید کا بیان کرا دینا اللہ کے ذمہ ہے

وحی کے موقع پر کتاب اللہ کی جتنی آیتیں نازل فرمائی جاتیں یا جو سورت اُتاری جاتی حضرت جبریلؑ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے تلاوت فرما دیتے، شروع شروع میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خیال ہوتا تھا کہ کہیں کوئی لفظ یا آیت ذہن میں محفوظ نہ رہ سکے یا دھیان سے نکل جائے اِس اندیشہ کے پیشِ نظر وحیِ الٰہی کو خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی جلدی جلدی دہرانے لگتے تھے تب ربِّ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ؕ (۷۵۔ القیمۃ، آیت ۱۶ تا ۱۹)

(آپ اپنی زبان کو حرکت میں لاکر اس کے پڑھ لینے میں جلدی نہ کرو، بے شک اس کا جمع کرنا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑھا دینا سب ہمارے ذمہ ہے، جب ہم اس قرآن کو پڑھا دیں تو اسی طریقہ کی اتباع کرو پھر اس کا بیان کرا دینا یہ سب کچھ ہمارے ذمہ ہے)

رُوحُ الامین علیہ السلام

یہ ثابت شدہ حقیقت ہے کہ پورا قرآن مجید بلا کسی کمی بیشی کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچا دینا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے سُنوا دینا اور اس کے معانی سمجھا دینا اور بیان کرا دینا یہ سب کام اللہ نے اپنے ذمہ لے لیا، چنانچہ ان احکامات کے نازل ہونے کے بعد وحی الٰہی کے نزول کے وقت حضرت جبریلؑ کی تلاوت کردہ آیتوں کو اسی وقت دہرانا صاحبِ قرآن محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے حکمِ الٰہی کے تحت موقوف فرما دیا اور صرف سماعت فرماتے اور جیسے ہی وحی کا نزول معمول کے مُطابق ختم ہو جاتا تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قلبِ مُبارک پر یہ سارا کلام ربُّ العالمین کے حکم سے محفوظ ہو جاتا۔ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ۝ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ۔ (۲۶۔ الشعراء، آیت ۱۹۳، ۱۹۴) روح الامین نام کا فرشتہ لے کر اترا ہے۔ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے دل پر اس قرآن کا نزول فرمایا گیا ہے تاکہ آپ ہمارے اس بیان سے لوگوں کو خبردار کر دیں۔

اِنسانی قلب پر آسمانی وحی

نبیِ معظم صلی اللہ علیہ وسلم کے قلبِ مبارک تک ایک دفعہ کی وحی میں حضرت جبریل امین علیہ السلام جتنا قرآن پہنچاتے تھے، آپ نہایت توجہ سے سماعت فرماتے۔ اس کے بعد نازل کیے گئے قرآن کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم وحیِ الٰہی کے مطابق کل آیتوں کی تلاوت فرما دیتے تھے

وحیِ الٰہی سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بھی بتادیا جاتا تھا کہ کونسی آیت قرآن میں کس جگہ پر رہے گی، صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کاتبِ وحی زید بن ثابتؓ اور بعض دوسرے صحابۂ کرامؓ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت کے مطابق اسی جگہ پر ترتیب سے وحی کی گئی آیتوں کو لکھتے جاتے تھے۔ ۲۳ سال تک وحی کا سلسلہ جاری رہا اور قرآن پاک مکمل ہوگیا۔ سال میں ایک مرتبہ روحُ القدس جبریل علیہ السلام سیدالمرسلین صلی اللہ علیہ وسلم سے قرآن مجید سُن لیا کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ پاک کے آخری سال میں حضرت جبریلِ امینؑ نے دومرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے قرآن سُن لیا۔ اسی زمانہ میں حضرت زیدؓ نے بھی پورا قرآن حفظ کرکے خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کو سُنادیا تھا۔ صحابۂ کرامؓ کی جماعت میں بہت سے دوسرے حضراتؓ نے بھی پورا قرآن حفظ کرلیا تھا۔

کتابتِ قرآن مجید

خلیفۂ اوّل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے زمانے میں جو صحابہ کرامؓ شہید ہوئے ان میں وہ لوگ بھی تھے جنھیں پورا قرآن حفظ تھا یعنی وہ حافظِ قرآن تھے۔ پھر بھی اس زمانے میں حافظِ قرآن اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر جان نچھاور کرنے والوں کی کمی نہیں تھی۔ جنھوں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قرآن سن کر یاد بھی کرلیا تھا اور لکھ بھی لیا تھا۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے مشورے اور اصرار پر قرآن مجید کی تصدیق شدہ (CERTIFIED COPY) سرکاری دیکھ ریکھ میں قلم بند کرنے کا کام شروع کیا گیا۔ اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے جن صحابہؓ کے پاس جتنا قرآن لکھا ہوا تھا وہ بھی اور جنھیں پورا قرآن یاد تھا ان کی بھی مدد لی گئی تاکہ ایک نسخہ ایسا بھی تیار ہوجائے جس پر سب کی تصدیق ہو، جو مکمل قرآن ہو۔ ان لوگوں کے لئے جو حفظ کرنا چاہیں یا پڑھنا چاہیں اور اسے سرکاری طور پر مکمل ہونے کی مہر بھی حاصل ہو، پھر رہتی دنیا تک قرآن پاک کو پڑھنے والوں کو اسی تصدیق شدہ قرآن کی نقل (COPY) آسانی سے حاصل ہوتی رہے۔ یہ انتظام مکمل عمل میں آگیا۔

اس بڑی ذمہ داری کے کام کے لئے حضرت ابوبکرؓ نے جنھیں پسند فرمایا وہ حضرت زید بن ثابتؓ تھے جو "کاتبِ وحی"، یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ہونے والے "آسمانی نزول" (REVELATION) "وحی" کے لکھنے والے اور ان کے قریبی ساتھی تھے۔ انھوں نے پوری ذمہ داری اور احتیاط کے ساتھ یعنی جس ترتیب سے جمع کرنے کا حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا تھا اسی طرح قلم بند کرکے مکمل مستند مصحف "قرآن مجید" کا حضرت ابوبکرؓ خلیفۂ اوّل کے سپرد کیا۔ قرآن مجید کا یہ وہی نسخہ تھا جس کی نقلیں پوری دنیا میں آج موجود ہیں، نیز تا قیامت اور ہمیشہ ہیش رہیں گی۔

خلافتِ عثمانی

تیسرے خلیفہ حضرت عثمان غنیؓ کی خلافت کے زمانہ میں عراق اور شام کے مسلمانوں میں قرآن کی تلاوت میں بعض الفاظ کے تلفظ اور حرکتوں پر کچھ تھوڑے اختلاف کا اندیشہ تھا کہ آنے والے زمانہ میں حضرت زیدؓ کے لکھے ہوئے قلمی نسخہ کے خلاف کچھ مسلمان جا بجا قرآن کی تلاوت کرنے لگیں گے۔ اس لیے کلامُ اللہ کو اپنی اصلی حالت میں ہمیشہ کے لیے محفوظ کردینے کی غرض سے حضرت زیدؓ کا لکھا ہوا قلمی نسخہ منگا کر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے کاتبِ وحی حضرت زید بن ثابتؓ، حضرت عبداللہ بن زبیرؓ اور حضرت سعید بن العاصؓ سے اُس قلمی نسخہ کے مطابق کئی اور نقلیں تیار کرنے کو کہا۔ ان حضراتِ صحابہؓ نے پوری احتیاط کے ساتھ آدھی درجن سے زیادہ نقلیں اُسی قلمی نسخہ سے تیار کردیں۔ حضرت ذوالنورین عثمان غنیؓ نے ان کا ایک ایک نسخہ ملک شام، یمن، بحرین، بصرہ اور کوفہ وغیرہ اس وقت کے مرکزی شہروں میں بھیج دیا اور ایک نسخہ مدینہ منورہ میں رکھ لیا۔

یہی نسخے حضرت عثمان غنیؓ اور چوتھے خلیفہ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں بھی رائج رہے۔

مصحفِ عثمانی

اس وقت کی اسلامی دنیا کے سب مسلمان جن میں ہزاروں ہزار صحابہ کرامؓ شامل تھے اُن نسخوں کے مطابق قرآن پڑھتے اور پڑھاتے رہے، پورے قرآن مجید کی ایک ایک آیت ساری عمر ان سب حضراتؓ کے دلوں پر نقش اور زبان پر جاری رہی۔ قرآن کے حافظ حضرات جو سب کے سب جاں نثارانِ اسلام و عاشقانِ قرآن تھے۔ اس زمانے کے سب اسلامی ملکوں میں پھیلے ہوئے تھے اور حضرت عثمان غنیؓ کی تیار کرائی ہوئی نقلوں کے مُطابق اپنی اولاد اور شاگردوں کو قرآن پڑھاتے رہے، اس زمانہ کے حافظِ قرآن حضرات عمر بھر بکثرت تلاوت کرنے کے علاوہ رمضان شریف کی نماز تراویح میں وہی قرآن سناتے بھی رہے، اس طرح قرآن کا وہ پہلا اور مستند نسخہ جس کو خلیفۂ اوّل حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں کاتبِ وحی حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے لکھا تھا اور جس کی نقلیں خلیفۂ سوم حضرت عثمان غنیؓ نے اپنی خلافت کے زمانہ میں حضرت زیدؓ وغیرہ اصحابِ رسولؐ سے لکھوائی تھیں ایک نسل سے دوسری نسل کو یعنی باپ سے بیٹے کو اور استاد سے شاگردوں کو، اور اولاد در اولاد اور شاگرد در شاگرد اپنی اصلی حالت میں پہنچتا رہا۔ روزمرہ کی تلاوت کے علاوہ ہر سال رمضان کی تراویح میں شہر در شہر اور گاؤں در گاؤں قرآن کے حافظ وہی قرآن پڑھتے اور سناتے چلے آئے جو آج ساری دنیا کے مسلمانوں کے پاس جوں کا توں کتابی شکل میں موجود ہے اور لاکھوں لاکھ حفاظ کے سینے میں وہی قرآن مجید محفوظ ہے۔

قرآن مجید اپنی اصل حالت کے ساتھ ہمیشہ موجود رہے گا

اللہ کا وہ پاک کلام جس کو اللہ کے سچے امانت دار فرشتے حضرت جبریلؑ نے اللہ کے سب سے افضل بندہ اور آخری پیغمبر حضرت محمد مُصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلّم کے قلبِ مُبارک پر اتارا تھا اپنی اصل حالت میں اُسی ترتیب کے ساتھ جو اللہ کے سچے فرشتے روح القدس جبریلؑ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بتا دیا تھا، ہمارے آپ کے گھروں میں اور حافظوں اور ناظرہ پڑھنے والوں کی زبان پر آج بھی محفوظ ہے۔

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحٰفِظُونَ (۱۵۔ الحجر، ایت ۹)

"بے شک اس نصیحت نامہ کو ہم نے نازل فرمایا ہے اور یقیناً ہم اس کی حفاظت کریں گے"۔

اللہ کا ہر قول اور ہر وعدہ سچا ہے، یہ وعدہ بھی سچا ہو کر رہا۔ کلام الٰہی آج تک محفوظ ہے اور ہمیشہ محفوظ رہے گا۔

میلادُ النبی صلّی اللہ علیہ وسلّم

دُعائے خلیلؑ اور بشارتِ عیسیٰ علیہ السّلام کا ظہور

وَإِنَّهُ لَتَنْزِيلُ رَبِّ الْعٰلَمِينَ ○ نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ الْأَمِينُ ○ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُونَ مِنَ الْمُنْذِرِينَ ○ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِينٍ ○ (۲۶۔ الشعراء، ایت ۱۹۲، ۱۹۳، ۱۹۴، ۱۹۵)

"اور یہ قرآن رب العالمین کی طرف سے نازل فرمایا گیا، روح الامین نام کا فرشتہ لے کر اسے اُترا ہے، اے نبی آپ کے دِل پر اس قرآن کا نزول فرمایا گیا ہے تاکہ آپ ہمارے اس بیان سے لوگوں کو خبردار کر دیں، اس قرآن کو صاف بیان کرنے والی عربی زبان میں نازل فرمایا گیا ہے۔"

قرآن مجید کا نزول یعنی آسمان سے زمین کی طرف اترنا یا اس طرح ہوا کہ اللہ کا کلام لے کر جبریل علیہ السلام زمین پر تشریف لاتے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب مبارک کی طرف متوجہ ہو کر پڑھتے، یہ قرآن اللہ تعالیٰ کے حکم سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دل میں محفوظ ہو جاتا، اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی زبان سے اسی طرح پڑھتے جیسے جبریل امین علیہ السلام لے کر آئے تھے۔ "رُوحُ الْاَمِیْن" کے معنی ہیں "امانت والی روح" یہ لقب ہے حضرت جبریل علیہ السلام کا جو تمام فرشتوں کے سردار ہیں اور عالم ملکوت میں دوسرے تمام فرشتے ان کے ماتحت ہیں۔ تمام آسمانی کتابوں کے نزول کا دفتر بھی انھیں کے ذمہ ہے، ہر سال شب قدر میں قرآن مجید کے پڑھنے پڑھانے والوں کا جائزہ لینے کے لیے لاکھوں لاکھ فرشتوں کے ساتھ حضرت جبریل کا نزول دھرتی پر ہوتا ہے۔

پہلی وحی

صاحب قرآن محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کے چالیسویں برس اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن مجید کے نزول کی ابتداء فرمائی عیسوی سنہ ۶۱۰ء ماہ اگست کی ۱۰ تاریخ کو پوری حالت بیداری اور شعور کی حالت میں غار حراء میں سورۂ علق کی ابتدائی آیتیں نازل فرمائی گئیں۔

> اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ۝ (۹۶۔ العلق، آیت ۱ تا ۵)

"اپنے رب کا نام لے کر پڑھو جس نے سب کو پیدا کیا، انسان کو خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا، پڑھتے رہو اور آپ کا رب ہی سب سے بڑھ کر کرم والا ہے، جس نے قلم سے علم سکھایا، انسان کو ایسا علم سکھایا جو انسان جانتا نہ تھا۔"

قلم سے انسان کو علم دیا اور اس کو وہ علم دیا جو اب تک انسان جانتا نہ تھا۔ نزولِ قرآن کے زمانے سے اب تک انسان نے سائنس اور چیزوں کی خاصیت کا علم حاصل کر کے جو تکنیکی ترقی کی ہے وہ سابقہ زمانہ سے بہت زیادہ ہے، ہواؤں میں اڑنے سے لے کر چاند پر کمند ڈال آیا اور مشینی دور میں نہایت ہی مفید چیزیں دریافت کر لیں، اس پر انسان کے لیے یہ خطرہ بنا ہوا ہے کہ وہ اپنے آپ کو غنی بے پرواہ غیر جوابدہ اور بے لگام سمجھ کر شرارت ظلم اور فساد مچائے گا اور یہی کچھ ہم اپنے دور میں دیکھ رہے ہیں اسی سے آخری نبیؐ اور آخری کتاب اُتارنے کا مقصد یہ بھی ہے کہ اب اس دنیا کا آخری دَوْر ہے اور اسے ایک ایسا ہدایت نامہ دیا جائے جو اس کی علمی ترقی میں اسے برابر یاد دلاتا رہے کہ اسے اپنے رب کے پاس لوٹ کر جانا ہے۔

ایک نورانی رات

غار حراء میں جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم معتکف تھے غالباً، ۲۷ رمضان کی رات یا رمضان ہی کی کوئی اور طاق رات تھی جس میں فرشتۂ اعظم حضرت جبریلؑ اس کلام کو لے کر اترے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مکۂ معظمہ کی زندگی کے ۱۳ برس میں دو تہائی سے زیادہ قرآن مجید نازل فرمایا گیا۔ کبھی چند آیات کا نزول ہوتا اور کبھی کوئی

چھوٹی یا بڑی سورت بھی نازل فرمادی جاتی، بقیہ قرآن مجید کا تمام ترحصّہ دس سال کی مدّت میں مدینہ منورہ میں نازل فرمایا گیا۔

بابرکت صبح

اس دُنیا میں ۹ ریا ۱۲ ربیع الاول دوشنبہ کے دن طلوعِ آفتاب کے پہلے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری ہوئی۔ مطابق ۲۲ ر اپریل ۵۷۱ء آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جائے پیدائش مکہ مکرمہ ہے جہاں بیت اللہ شریف قائم ہے۔

والدین ماجدین

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والدِ ماجد کا نام حضرت عبد اللہ ہے، اور والدہ ماجدہ کا اسم مبارک آمنہ ہے۔

عمر مبارک

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم اس دُنیا میں کل ۶۳ ر سال ۴ ر دن تشریف فرما رہے یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدس زندگی ۲۲۳۳۰ دن ہوئی۔

۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ بروز دوشنبہ مطابق ۸ ر جون ۶۳۲ء کو سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جسمِ اطہر مدینہ طیبہ میں دفن کیا گیا۔

عربی مُبین میں خدا کا کلام

قرآن مجید میں ۱۱۴ سورتیں نازل فرمائی گئیں۔ ان تمام سورتوں میں کُل ملا کر چھ ہزار دو سو اڑتیس آیات ہیں۔ ۱۱۳ سورتوں پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نازل ہوئی اس طرح جملہ ۶۳۵۱ آیتوں پر قرآن مجید مشتمل ہے، جو آج بھی ہمارے ہاتھوں میں جوں کا توں محفوظ ہے۔ اس زمین پر لاکھوں حفاظِ کرام رمضان میں تراویح کے موقع پر محراب میں کھڑے کھڑے قرآن مجید سناتے ہیں اور کروڑہا کروڑ مسلمان سنتے ہیں۔ قرآن مجید کا یہ اعجازی پہلو ہے جو امت کے عمل کو ساتھ لیے ہوئے ہے۔ مذاہبِ عالم میں چاہے وہ آسمانی دین ہو یا لوگوں کا خود ساختہ مذہب ہو کسی ایک کی بھی مذہبی کتاب کو وہ حیثیت اور مقام حاصل نہیں ہے جو قرآن مجید کو حاصل ہے۔

جس علاقہ میں قرآن شریف نازل ہوا وہاں کی زبان عربی تھی، اللہ ربُّ العزت نے اپنے کلام کے نزول کے لیے اپنے بندۂ خاص محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو منتخب فرمایا اور رہتی دُنیا تک کے انسانوں کو اپنے احکامات سے روشناس کرانے کے لیے عربی مبین میں یہ کلام نازل کیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مخاطب اوّل عرب تھے اور عربی ان کی مادری زبان تھی۔

سنّتِ محمدیؐ یہ رہی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر جب جب بھی جتنا کچھ قرآن مجید نازل فرمایا جاتا وہ شہر مکّہ کے لوگوں کو پڑھ پڑھ کر برابر سناتے جاتے تھے۔

قبیلۂ قریش

کام جوں جوں آگے بڑھتا گیا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت پر دھیرے دھیرے لوگ ایمان لانے لگے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت بھی شدت کے ساتھ شروع ہوگئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندان کے لوگ قریش کہلاتے تھے، کعبہ کا متوَلّی بھی اسی خاندان کا فرد ہوتا تھا۔ ابرہہ نے ہاتھیوں کا لشکر لے کر بیت اللہ کو ڈھانے کے لئے جس زمانہ میں اس پر حملہ کیا ان دِنوں کعبہ کے متوَلّی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا عبد المطّلب تھے۔ عرب میں خاندانِ قریش اشراف کا قبیلہ مانا جاتا تھا، لوگ ان کی بڑی عزت کرتے تھے اور یہ شرف جو اُن کو عطا ہوا تھا بیتُ اللہ کے منتظم ہونے کے سبب، نیز حاجیوں کو پانی پلانا، مسجدِ حرام کو صاف ستھرا رکھنا، حج کا انتظام کرنا قریش کے ذمّہ تھا جس کی وجہ سے کئی کئی ملکوں میں قبیلۂ قریش

کی عزت اور احترام کا چرچا تھا۔ لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۚ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۙ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝ (۱۰۶۔ قریش، آیت ۱ تا ۴)

ترجمہ: "قریش کو سفر میں ہم نے الفت کا سہارا دیا، ان کو جاڑے اور گرمی کے سفر میں بڑی سہولت حاصل رہی۔ ان کو اس گھر کے مالک کی عبادت کرنی چاہیے، جس نے ان کو بھوک میں کھلایا اور ان کو خوف سے بچا کر امن دیا۔"

عرب میں قریش نامی قبیلہ بہت مشہور تھا، تجارت معاملہ فہمی سوجھ بوجھ اور شرافت میں ان کا بڑا نام تھا اور یہی قبیلہ کعبہ کا متولی تھا۔ اللہ کے گھر کا ہمسایہ اور خادم کعبہ ہونے کے سبب اس قبیلے کے ایک ایک آدمی کی عزت کی جاتی تھی، جہاں جاتے ہاتھوں ہاتھ عوام ان کو اٹھا لیتے، جاڑے میں ان کے تجارتی قافلے یمن کی طرف چلتے اور گرمی میں شام کی طرف جاتے، لوگ ان کو بہت چاہتے تحفے تحائف سے ان کا استقبال کرتے۔ لڑائی جھگڑے میں قبائلی مار کاٹ کرتے مگر کعبے کے متولی ہونے کے سبب قریش پر کوئی ہاتھ نہیں ڈالتا۔ اللہ نے اسی قبیلے میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیدا فرمایا، اللہ نے قریش کو اپنے احسانات یاد دلائے کہ کعبہ شریف کی عظمت کے سبب تم کو روزی عزت اور امن حاصل ہے۔ اس گھر کے مالک کی بندگی تم پر لازم ہے۔

رسمی مذہبیت

یہ قبیلہ قریش دین ابراہیمی کا دعویدار تھا۔ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام ربانیتِ صادقہ اور توحید خالص کے علمبردار تھے اور کھری توحید کے داعی حق تھے، قریشی لوگ اپنے آپ کی نسبت انھیں سے کرتے تھے، لیکن وہ دین اسلام سے اب ہٹ چکے تھے، نماز جیسی عبادت میں بھی انھوں نے تبدیلی کر ڈالی تھی، جیسے قرآن مجید میں فرمایا گیا ہے وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً ؕ (سورۃ الانفال، آیت ۳۵) (اللہ کے گھر میں ان کی نماز کیا تھی بس سیٹیاں بجانا اور تالیاں بجانا۔)

بیت اللہ شریف میں بہت سے بت انھوں نے داخل کر دئے تھے اور ان کی پوجا کرتے تھے۔ سورج پرستی، بت پرستی، ستاروں کی پرستش کرنا، فرشتوں کو دیویاں یا اللہ کی بیٹیاں بتانا، عبادت کے وقت ننگے ہو جانا، باجے تاشے، میلے ٹھیلے سیٹیاں، تالیاں اور دوسری خرافات کے مجموعہ کا نام ان کے یہاں دین بن گیا تھا۔ ایسے شرکیہ ماحول میں خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم پر لوگوں کو قرآن حکیم سنانے کی ذمہ داری ڈالی گئی۔ نزول قرآن کی ابتداء سے لے کر ہجرت کے دن تک اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے ایمان والے ساتھیوں کو مشرکین کی طرف سے بڑی تکلیف اور مصیبت کا سامنا کرنا پڑا اور بے حد دکھ اٹھانا پڑا۔ بالآخر ہجرت کا دور آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نیز ان کے اصحاب کو مکہ مکرمہ چھوڑنا پڑا۔

بگڑے ہوئے اہل کتاب کی اصلاح

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مدنی زندگی میں توراۃ کے ماننے والے یہود سے سابقہ پڑا، ان کے دین میں بھی شرک داخل ہو گیا تھا۔ دین اسلام جو حضرت موسیٰ علیہ السلام انھیں دے گئے تھے اصلی شکل میں وہ ان کے پاس باقی نہ رہا تھا، دین کی اصل روح اور اس کے حقیقی مقصد سے ہٹ کر یہودی بن گئے تھے اور اسی نام سے دنیا میں مشہور ہوئے۔ ایک دوسرا طبقہ عیسائی لوگوں کا تھا جو انجیل کے وارث مانے جاتے تھے، لیکن اب اصل انجیل کی تعلیم خالص توحید کے سانچے پر ان کے پاس بھی باقی نہیں رہی تھی، سیدنا مسیح علیہ السلام کو نزول قرآن سے تقریباً چھ سو برس پہلے انجیل عطا کی گئی تھی اور قرآن مجید میں رب تعالیٰ کا ارشاد ہے: يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ

اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ (۵، مائدہ، آیت ۱۹)

"اے اہلِ کتاب ہمارا یہ رسول تمہارے پاس حق بیان کرنے اُس وقت آیا ہے جبکہ ایک مدت سے رسولوں کا آنا بند تھا تاکہ تم اب یہ نہ کہہ سکو کہ ہمارے پاس تو کوئی خوشخبری دینے والا یا ڈر سنانے والا آیا ہی نہیں بس اب تو آچکا تمہارے پاس بشارت دینے والا اور ڈر سنانے والا اور اللہ تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔"

اہلِ انجیل کی محرومی

نزولِ انجیل کی پہلی صدی میں ہی لوگوں نے ہیرا پھیری اور الٹ پلٹ شروع کردی، انجیل اور مسیح کے نام پر ایک ایسا مذہب وجود میں لایا گیا جس کی بنیاد توحید کے بجائے شرک پر رکھدی گئی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا نبی ماننے کے بجائے اللہ تعالیٰ کا بیٹا بتایا گیا، بعض فرقوں نے تو کوئی سر حد باقی ہی نہ رکھی اور یہ کہدیا کہ عیسیٰ مسیح علیہ السلام ہی اللہ ہیں۔ رب العالمین نے ان کے اس قول کی تکذیب اور تردید اپنی کتاب قرآن مجید میں فرمائی ہے۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ۔ (۵۔ المائدہ، آیت ۷۲)

(یقین جانو کہ وہ لوگ کافر ہوگئے جنھوں نے کہا کہ اللہ تو بس وہی مسیح ہے جو مریم کا بیٹا ہے۔)

کچھ جعلی بے ایمان مذہبی چودھریوں نے خدائی کو تین حصوں میں بانٹ کر خدائی کا ایک حصہ دار حضرت مسیح علیہ السلام کو بنادیا۔ اللہ رب العزت نے قرآن شریف میں ان کو دردناک عذاب کی اطلاع دے کر ان کی بکواس کو رد فرمایا ہے۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ (۵۔ المائدہ، آیت ۷۳)

"یقیناً وہ لوگ کافر ہوگئے جنھوں نے یہ کہا کہ اللہ تین میں کا ایک ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ ایک واحد معبود کے سوا کوئی بھی بندگی کے لائق نہیں، جو لوگ اپنی بکواس کو نہیں چھوڑیں گے ان میں سے جس نے بھی یہ کفریہ حرکت کی ہے ایسے کافروں کو دردناک عذاب گھیرے گا۔"

آتش پرستی، ستارہ پرستی

اُس وقت مجوس لوگوں کا بھی ایک طبقہ تھا جو آتش پرست تھے، ان کے دین کا بھی کوئی سرا باقی نہیں تھا اور ایک طبقہ جو ستارہ پرستی میں ملوث تھا ان میں سے بہت سے لوگ دہریہ بھی تھے، یہ ستارہ پرست جنہیں قرآن مجید میں صابئین (SABIANS) کہا گیا ہے یہ اپنے آپ کو حضرت یحییٰؑ کی اُمت بتاتے تھے اور یہ لوگ عراق کے سرحدی علاقوں میں آباد تھے۔

ملک ہندوستان

اب رہا ہمارا ملک ہندوستان تو یہاں پر بھی اُس زمانہ میں بت پرستی کا خوب رواج پڑ گیا تھا، دور دور تک کہیں کہیں، کسی کسی منصف مزاج آدمی میں توحید کی کرن جھلکتی تھی لیکن جماعتی طور پر ہندوستان میں قوم کا پورا کنبہ شیطان کی جھپٹ میں آچکا تھا، آپ اندازہ کرسکتے ہیں کہ اس پورے ماحول کی اصلاح کرنے کے لیے جس عظیم انسان کو بھیجا گیا ہوگا اسے آزمائش کی کتنی کٹھن منزلیں طے کرنی پڑی ہونگی، سلام ہو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر کہ مدنی زندگی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن مجید کی برکت والی تعلیم کو اس پاس کے ۳۰ لاکھ مربع میل کے علاقہ میں جاری فرمادیا اور پاس پڑوس کے ملکوں میں ایمان کی نہریں جاری ہوگئیں ایک اُمتِ وسطیٰ کی تشکیل ہوئی اور صحابۂ کرامؓ جو براہِ راست نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلیم حاصل کرچکے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے

صحبت یافتہ تھے، انھوں نے اس امت کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لی، نزولِ قرآن مکمل ہوا۔ نمازوں میں قرآن مجید داخل فرمایا گیا جس میں مُصحفِ ربّانی کی پہلی سورت "سُوْرَۃُ فَاتِحَہ" کو اوّل ترین حیثیت ملی جسے سَبْعِ مَثَانِیْ اور اَلْحَمْدُ شریف بھی کہا جاتا ہے۔

دینِ اسلام

"صَلٰوۃُ الْمَکْتُوْبَہ" کا نظام حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم نے قائم فرمایا، جمعہ، نماز باجماعت رمضان المبارک کے ایک ماہ کے روزوں کی ترتیب پر صلوٰۃ تراویح، نمازِ جنازہ، زکوٰۃ، خطبۂ نکاح ایجاب و قبول، مہر کے احکامات، میاں بیوی اور دیگر رشتے داروں کے حقوق کی ادائیگی اور وراثت کے احکامات، اکائی معاشرہ کی تشکیلِ جدید میں اپنی اپنی جگہ پر قائم کر دیے گئے اور دینِ حنیف کا سانچہ ڈھانچہ تیار ہوا۔ حج کے احکامات میں قریشیوں نے جو پھیر بدل کیا تھا اس کی اصلاح فرمائی گئی اور اللہ تعالیٰ کی عین مرضی کے مطابق حج کو قائم کر دیا گیا جو آج تک اپنی اصلی شکل پر قائم ہے۔ اللہ رب العزت کے حکم کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سُنّتِ قائمہ کے نمونہ پر "دِیْنُ اللّٰہ" جو دینِ حق ہے اور وہی دینِ اسلام ہے۔ اپنی مضبوط بنیادوں پر قائم ہو گیا۔ ① اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ ۔ (۳، آل عمران، آیت ۱۹) بے شک اللہ کے پاس قبول ہونے والا دین صرف اسلام ہے (یعنی تابع فرمانی والا دین) ② وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْہُ وَھُوَ فِی الْاٰخِرَۃِ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ۝ (۳، آل عمران، آیت ۸۵) اور جو کوئی اس طریقۂ اطاعت یعنی اسلام کو چھوڑ کر کوئی اور دین چاہے تو اس سے ہرگز قبول نہ ہوگا اور ایسا آدمی آخرت میں گھاٹے میں رہے گا۔ ③ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ۝ (المائدہ، آیت ۳) "آج میں نے تمہارے لیے تمہارے دین کو مکمل کر دیا اور اپنی نعمت تم پر پوری کر دی اور تمہارے لیے دین صرف اسلام کو منظور فرما کر راضی ہو چکا ہوں۔" ④ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ الْکَذِبَ وَھُوَ یُدْعٰۤی اِلَی الْاِسْلَامِ وَاللّٰہُ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ (۶۱، الصف آیت ۷) "اس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے جبکہ اسے اسلام کی طرف دعوت دی جا رہی ہو، ظالم قوم کو اللہ ہدایت کی راہ چلنے کی توفیق ہی نہیں دیتا۔

کچھ مترجم کے بارے میں

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْم

الحمد للہ اپنی تمام بشری کمزوریوں اور کوتاہیوں کا اعتراف کرتے ہوئے دربارِ الٰہی میں سجدۂ شکر بجالاتے ہیں کہ اللہ نے محض اپنے فضل اور خاص مدد کے طفیل دائی محترم و مکرم مفسرِ قرآن حضرت مولانا الحاج عبدالکریم پاریکھ صاحب مدظلہٗ کی برسہا برس کی کڑی محنت، تحقیق اور جانفشانی کا نچوڑ "تشریح القرآن" کا نیا ایڈیشن آپ کے مبارک ہاتھوں میں پہنچادیا۔

مفسرِ قرآن حضرت مولانا عبدالکریم پاریکھ صاحب عالم اسلام میں ایک جانی مانی معروف شخصیت ہیں جو ایک کامیاب تاجر (ٹمبر مرچنٹ) ہونے کے ساتھ ساتھ پچھلے چالیس برسوں سے قرآن مجید کو سمجھ کر پڑھنے پڑھانے اور انسانیت کے نام پر اللہ کے اس پیغام کو عام کرنے کی مہم میں سرگرم عمل ہیں جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے انسانوں کے نام جاری کیا گیا۔

قرآن کے معانی کو عام کرنے میں جہاں مولانا مدظلہٗ نے ملک میں کثرت سے اسفار کیے ہیں وہیں ہندوستان کے باہر پاکستان، سعودی عرب، بنگلہ دیش، نیپال کے دعوتی دورے قابلِ ذکر ہیں۔ حضرت مولانا عبدالکریم پاریکھ صاحب کی تصنیفات کی فہرست بھی خاصی طویل ہے اور مضامین کا ایک سلسلہ ہے جو اکثر مختلف زبانوں کے اخبارات و جرائد میں شائع ہوتے رہتے ہیں آسان "لغات القرآن" کے علاوہ "قوم یہود اور ہم قرآن کی روشنی میں" "اوپر کی دنیا" "تحفظ گائے اور ہندوستانی مسلمان" "درود و سلام کی حقیقت" "گائے کا قاتل کون اور الزام کس پر؟" "ستیہ دھرم وگیان یگ میں" (ہندی) اور انگریزی، THE HEAVEN ABOVE US بہنوں کی نجات" "قانون اور انصاف کے نام پر عورت کی توہین" نیز ج کا ساتھی اردو و انگریزی وغیرہ شامل ہیں۔

آں محترم کا اندازِ تقریر و تحریر داعیانہ اور حکیمانہ ہے جو قرآنِ حکیم اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے قلبی لگاؤ کا مظہر ہے۔ اردو عربی کے علاوہ گجراتی، سنسکرت، اور ہندی، مراٹھی زبانوں سے تعلق اور عبور حاصل ہونے کی وجہ سے بیان و تحریر میں اکثر سادے اور آسان ہندی الفاظ کا استعمال ہوتا ہے۔ زبانوں کا حسین سنگم پڑھنے سننے والوں کو ایک نیا لطف اور مزہ دیتا ہے لہٰذا غیر مسلموں کو وحدانیت کا تعارف کرانے میں آپ کا یہ سادہ اور دلنشین انداز ایک اہم رول ادا کرتا ہے۔

اسی سادہ انداز کو لیے ہوئے مولانا موصوف کے تین ہزار سے زائد درس قرآن اور متفرق تقاریر کی کیسیٹوں کا ذخیرہ RAAFEY RADIOS, POST OFFICE ROAD, GOKULPETH, NAGPUR – 10 (M.S) نے تیار کیا، برصغیر کے مشہور عالم دین حضرت مولانا قاری محمد قاسم انصاری صاحب امام و خطیب مسجد پریامیٹ مدراس ۔3 نے قرآن مجید کی تلاوت فرماکر مولانا عبدالکریم پاریکھ صاحب کے تشریح القرآن کا ترجمہ بھی پڑھا جس کی ریکارڈنگ مدراس کی مشہور کمپنی A.V.M. اسٹوڈیو نے ہم

کیسٹس میں کی ہے۔ مکمل پتہ BHARAT FILM DISTRIBUTORS P.B.NO. 2260 A.V.M.S TUDIOS COMPOUND 38, ARCOT ROAD MADRAS-26 اس کے علاوہ ۳۰ پاروں کی ترتیب پر "تلاوت و ترجمہ قرآن" کی ریکارڈنگ کر کے IQRA AUDIO NAGPUR-4 نے ۳۰ کیسٹس پر مشتمل خوبصورت ہینڈ بیگ تیار کیا ہے۔ الحمد للہ یہ تمام کیسٹس ہندوستان اور پڑوسی ملکوں میں خاصی دلچسپی سے سنے جاتے ہیں۔

حضرت مولانا عبدالکریم پاریکھ صاحب کو عارف باللہ مفکرِ اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی مدظلہ العالی سے نہ صرف بہت گہرا ربط اور تعلق ہے۔ بلکہ سلفِ صالحین کے سلسلۂ بیعت و ارشاد میں ان کے خلیفۂ مجاز بھی ہیں، مولانا موصوف ولی اللّٰہی مکتب فکر سے قلبی، روحانی اور فکری مناسبت رکھنے کے ساتھ ساتھ فنِ ترجمہ اور تفسیر میں شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ محدث دہلوی کو اپنا روحانی استاد مانتے ہیں۔

نیز حضرت مولانا منت اللہ رحمانیؒ (امیر شریعت بہار و اڑیسہ) حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب عثمانیؒ، حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ، مولانا محمد اسماعیل صاحب مرحوم (مدراس) حضرت مولانا ابوالسعود احمد صاحبؒ بانی دار العلوم سبیل الرشاد بنگلور و امیر شریعت کرناٹک، حضرت مولانا نظام الدین صاحب ناظم امارتِ شرعیہ، ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف (رابطہ عالم اسلامی) مولانا معین اللہ صاحب ندوی نائب ناظم ندوۃ العلماء، حضرت مولانا عبداللہ عباس ندوی صاحب معتمد تعلیمات ندوۃ العلماء لکھنؤ مدرس جامعۃ الملک عبدالعزیز مکۃ المکرمہ، مولانا محمد تقی امینی صاحب مرحوم سابق صدر شعبۂ دینیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ، حضرت مولانا محمد رابع حسنی ندوی صاحب صدر شعبۂ عربی و مہتمم ندوۃ العلماء لکھنؤ اور بانی تبلیغ حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ کے صاحبزادے حضرت مولانا محمد یوسفؒ جیسے علماء ربانی اور اہل قلم سے رابطہ، استفادہ اور ہم نشینی کا شرف ایک طویل عرصہ تک رہا اور حضرت مولانا دوست محمدؒ سابق استاد مدرسہ حسین بخش دہلی جنھوں نے برسہا برس جامع مسجد دہلی میں درسِ قرآن کا سلسلہ جاری رکھا ان سے بھی مولانا عبدالکریم پاریکھ صاحب مدظلہ کو استفادہ کا شرف حاصل ہے۔

نیز تقسیم ہند کے بعد ہندوستان میں اٹھنے والی تمام تر دینی تعلیمی اور ملی تحریکوں تنظیموں سے مولانا محترم کا خاص ربط رہا۔ آپ مجلس تعلیم القرآن ناگپور کے بانی اور صدر ہیں، ندوۃ العلماء کی مجلس انتظامیہ کے اس وقت بھی رکن ہیں اس کے علاوہ آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے بنیادی ممبر اور خازن ہیں۔ مولانا پاریکھ صاحب کل ہند مسلم مجلس مشاورت کے بنیادی رکن ہیں، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کورٹ اور فیکلٹی آف تھیالوجی علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے بھی ممبر ہیں اس کے علاوہ بہت سے مدارس عربیہ کے سرپرست اور نگران ہونے کے ساتھ ساتھ اردو انگریزی اور دوسری زبانوں کے اخبارات جاری کرنے والے ٹرسٹیان میں بھی آپ کا شمار ہے۔

ایک عام آدمی کی ذہنی سطح اور اس کی زبان دانی کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے قرآن مجید کی آسان ترجمانی پر حضرت مولانا موصوف نے کام شروع کیا، کئی برسوں کی محنت، تحقیق اور کھوج کے بعد اردو زبان کی سب سے آسان معانی والی تفسیر الحمد للہ طبع ہو کر اب آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

والسلام

مشتاق احمد

(ناظم) مجلسِ تعلیم القرآن ناگپور ۱۸ مہاراشٹر (انڈیا)

تاثراتی مکتوبِ گرامی

از مفکرِ اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی دامت برکاتہم

